عورت ساٹھ سال کی ہو جائے تو کیا پردہ ساقط ہو جاتا ہے؟

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1092

تاریخ اجراء: 11 صفر المظفر 1445ھ/29 اگست 2023ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا عورت جب ساٹھ سال کی عمر کو پہنچتی ہے تو اس پر پردہ کرنا ساقط ہو جاتا ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی نہیں! ساٹھ سال یا اس سے زائد عمر کی عورت پر بھی پردہ کرنا لازم ہے۔ البتہ ایسی بوڑھی ہو کہ اس کی طرف اجنبی مرد کی رغبت نہ ہوتی ہو مثلاً چہرے پر جھریاں آگئی ہوں تو اپنا چہرہ کھلا رکھ سکتی ہے جبکہ فتنے کا خوف نہ ہو۔

چنانچہ قرآن پاک میں ہے: ”وَ الْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِیْ لَا یَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَیْسَ عَلَیْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ یَّضَعْنَ ثِیَابَهُنَّ غَیْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِیْنَةٍؕ وَ اَنْ یَّسْتَعْفِفْنَ خَیْرٌ لَّهُنَّؕ وَ اللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ (۶۰)۔“ ترجمۂ کنز الایمان: اور بوڑھی خانہ نشین عورتیں جنہیں نکاح کی آرزو نہیں ان پر کچھ گناہ نہیں کہ اپنے بالائی کپڑے اتار رکھیں جب کہ سنگھار نہ چمکائیں اور اس سے بھی بچنا ان کے لئے اور بہتر ہے اور اللہ سنتا جانتا ہے۔ (القرآن، پارہ 18، سورۃ النور، آیت 60)

فتاوی رضویہ میں ہے: ”جن اعضاء کا چھپانا فرض ہے ان میں سے کچھ کھلا ہو جیسے سر کے بالوں کا کچھ حصہ یا گلے یا کلائی یا پیٹ یا پنڈلی کا کوئی جز تو اس طور پر تو عورت کو غیر محرم کے سامنے جانا مطلقاً حرام ہے“ (فتاوی رضویہ، جلد 22، صفحہ 239-240، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت علامہ مولانا مفتی محمد وقار الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے سوال ہوا ”عورت جب بوڑھی ہو جائے تو کیا وہ پردہ ترک کر سکتی ہے؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے جواباً ارشاد فرمایا: ”بوڑھی عورت بھی پردہ کرے گی۔ مگر چہرہ کھول سکتی ہے، جبکہ فتنہ کا خوف نہ ہو۔“ (وقار الفتاوی، جلد 03، صفحہ 146، مطبوعہ: بزم وقار الدین، کراچی)

امامِ اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”جوان عورت کو چہرہ کھول کر بھی سامنے آنا منع ہے اور بڑھیا کے لئے جس سے احتمالِ فتنہ نہ ہو، مضائقہ نہیں، مگر ایسے خاندان کی نہ ہو جس کا یوں بھی سامنے آنا اس کے

اولیاء کے لئے باعثِ ننگ وعار یا خود اس کے واسطے وجہِ انگشت نمائی ہو۔“ (فتاوی رضویہ ملتقطا، جلد22، صفحہ 205-206، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net